## آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 10 اپریل 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس /اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 10 اپریل 2025، صبح 09:00 بجے سے دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، این پی سی سی، سروس روڈ ایسٹ، ہائی وے، ضیا مسجد فیڈرز، صبح 08:00 بجے سے دن 13:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، اتھال، ٹریٹ، ٹی اینڈ ٹی، بھارہ کہو-II، بھارہ کہو-I، گالف سٹی، شاہ پور، بری امام، پنجاب ہاؤس، خیابان اقبال، پیر سوہاوہ، قائد اعظم یونیورسٹی، میرا جعفر فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، سیکٹر-IV، ائر پورٹ، ڈھوک حکمداد، تماسمہ آباد، رینج روڈ، سہام، چاکرہ 3/14-I، لکھوروڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، VVIP، PAF-MIS، رحمت آباد-I، چکلالہ، نیو کلیام، بسالی، پنڈ جاتلہ، اسلام آباد فیڈمل، جھٹہ ہتھیال، لیب-I & II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، اٹک سرکل، کے ایس بی، برہان، حسین آباد، احمد نگر، کرنل شیر خان، ڈھوک فتح، کچہری، ڈی آئی کالونی، پتھر گڑھ، اسلام پورہ، حسن ابدال فیڈرز، چکوال سرکل، سردائی فیڈر، جی ایس او سرکل صبح 09:00 بجے تا دن 13:00 بجے تک، دھیر کوٹ، چمن کوٹ، دانہ ایکسپریس، دھیلہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

ضرورت ہے، آج ذاتی مقاصد کو قومی مفادات اور مقاصد پر ترجیح حاصل ہے اور ان ذاتی مقاصد کے حصول کیلئے ملک کی سلامتی اور یکجہتی کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا جا رہا ہے، یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ چند افراد کی نااہل پالیسیوں کے نتیجے کے طور پر ریاست پاکستان کے اتحاد اور یکجہتی پارہ پارہ کیا جا رہا ہے، معاشی بدحالی تو ایک طرف یہ

نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹریفک پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے وائرلیس سٹاف کے سب انسپکٹر حاجی مشتاق حسین کے اعزاز میں ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ٹریفک ڈویژن ماجد اقبال نے بطور مہمان خصوصی شرکت

### بقیہ 1

سے ادویات کی دستیابی کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سروسز ہسپتال کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایمرجنسی میں زیر علاج مریضوں سے بات چیت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ننھے مریض سے ہلکی پھلکی گفتگو کی، خواتین سے مصافحہ کیا اور حال چال بھی دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناح اور میو ہسپتال میں ایکشن لینے سے ہسپتالوں کے حالات میں بہت بہتری آئی۔ جناح ہسپتال میں ادویات ڈبوں میں بند پڑی تھیں لیکن مریضوں کو نہیں مل رہی تھیں، فوری ایکشن کی وجہ سے مریضوں کو ریلیف ملا۔ سروسز ہسپتال سے خوش ہو کر جا رہی ہوں، کسی نے نہیں کہا کہ ادویات باہر سے لانی پڑی، مریضوں کو انتظار بھی نہیں کرنا پڑتا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہسپتالوں میں اناؤنسمنٹ ہو رہی ہیں حکومت مفت میڈیسن دے رہی ہے، اگر آپ سے کوئی آپ سے پیسے لے تو آپ نے نہیں دینے۔ مریم نواز ریف نے کہا کہ عوام کے لیے ہسپتالوں کو چیک کرنا وزیراعلیٰ کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ کام نہیں کرے گا تو نیچے والے لوگ کیسے کام کریں گے۔

### بقیہ 2

کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے پی آئی کو تباہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ انہوں نے کہا کہ خسارہ اور قرض آسمان تک پہنچ گیا، یورپی یونین کے روٹس بند ہو گئے، برطانیہ بند ہو گیا، لاجواب پرواز قصہ

ہیلپ لائن 999 بھی قائم کی جائے گی۔ اجلاس میں سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے ہیلتھ ریفارمز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ پیش کی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سرکاری ہسپتالوں میں انفیکشن کنٹرول کے سلسلے میں 92 فیصد بہتری آئی ہے جبکہ ادویات کی فراہمی کے عمل میں 92 فیصد بہتری کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔

### بقیہ 9

عامر جان نے وفد کا پرتپاک خیرمقدم کیا اور NAVTTC کے مینڈیٹ، فلیگ شپ اقدامات، اور پاکستان کے فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت (TVET) کے منظر نامے میں نمایاں کامیابیوں کا ایک جامع جائزہ پیش کیا۔ CIIC Technology Group Company Limited کے چیئرمین مسٹر وانگ کانگ نے بتایا کہ یہ دورہ 1987 میں اپنے قیام کے بعد تنظیم کا پاکستان میں پہلا دورہ ہے۔ انہوں نے ہنر کی ترقی کے شعبے میں سرفہرست 10 کمپنیوں میں CIIC کی عالمی حیثیت کو اجاگر کیا اور NAVTTC کے ساتھ شراکت میں مضبوط دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان اور بیرون ملک کام کرنے والی چینی کمپنیوں کے لیے انتہائی ضروری افرادی قوت تیار کرنے کے لیے NAVTTC کے تعاون سے تربیتی ادارے قائم کرنے کے گروپ کے ارادے کا بھی اعلان کیا۔ اس مجوزہ اقدام کا مقصد 10,000 پاکستانی نوجوانوں کو بجلی، معدنیات اور جوہری توانائی جیسے اعلیٰ طلب شعبوں میں تربیت دینا ہے۔ شراکت داری کے اس پائلٹ مرحلے میں کراچی میں پہلا ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ شروع کیا جائے گا کیونکہ یہ ملک

